کی اہمیت مسلّم رہی ہے۔ جو قومیں اخلاق کے ضابطوں کو توڑتی ہیں وہ ذلیل ورسوا ہو جاتی ہیں۔ مصنف نے تاریخ کے مختلف ادوار میں اخلاق کے مختلف پیمانوں اور اتار چڑھاؤ کی وضاحت کی ہے اور موقع محل کی مناسبت سے حوالے اور اقوال بھی درج کیے ہیں۔ استقامت، صبر، پاکیزگی، مطابقت، تشکر، سفارش اور کامیابی اور اسی طرح کے متعدد موضوعات پر اظہار خیال کیا گیا ہے۔

مولف کا دھیما اسلوب ایسا ہے جیسے کوئی سرگوشیاں کر رہا ہے۔ بات دل میں اترتی چلی جاتی ہے۔ الفاظ شناسی اور شگفتگی ان کے اسلوب کا خاصہ ہیں۔ عربی و فارسی اشعار کا حوالہ ان کے وسیع مطالعے کا ثبوت ہے۔ قارئین کتاب کو دل چسپ پائیں گے۔ (قاسم محمود وینس)

تعارف کتب

☆ احکامِ الٰہی، (کرنل) محمد ایوب خاں۔ ادارہ اشاعت القرآن، ۲۹۴ ایکس ٹینشن، کیولری گراؤنڈ، لاہور کینٹ۔ صفحات: ۱۱۸۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [۱۸ عنوانات: ایمان، توحید، عبادتِ خدا، ذکر و صلوٰۃ، حج، کعبہ، روزے، سود، وصیت و وراثت، احکامِ سیاسی، ہجرت و جہاد، سزائیں وغیرہ کے تحت آیاتِ قرآنی کے تراجم یکجا۔ تاکہ ''ایک نظر میں معلوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کن کاموں کو کرنے اور کن کاموں سے رُک جانے کا مطالبہ کرتا ہے''۔]

☆ جہت ساز تخلیقی شخصیت، ابوالامتیاز ع س مسلم، ڈاکٹر طاہر تونسوی۔ ناشر: القمر انٹر پرائزز، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۴۲۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [ع س مسلم کی شخصیت اور فن کے مختلف پہلوؤں: نعت گوئی، انشائیہ نویسی، نظم نگاری، ادبی نظریات، نیز شخصی اوصاف و میلانات وغیرہ کا تذکرہ اور تجزیہ۔ اعترافِ ہنر کی قابلِ قدر کاوش۔]

☆ تاریخِ اندلس، سید ریاست علی ندوی۔ ناشر: مکی دارالکتب، چوک اے جی آفس، لاہور۔ صفحات: ۴۰۰۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [اُردو زبان میں اندلس کی یہ طبع زاد تاریخ پہلی بار ۱۹۵۰ء دارالمصنفین اعظم گڑھ سے چھپی تھی، یہ اس کی مکرر اشاعت ہے۔]

☆ Iqbal and His Contemporary Literary Movements [اقبال اور ان کی معاصر ادبی تحریکیں]: ظفر اقبال راؤ۔ ناشر: اقبال اکادمی، ایوانِ اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور، ۲۰۰۳ء۔ [یورپ کی مختلف تحریکوں: سوشلزم، میکینزم، فاشزم، سمبولزم، رومانٹے سیزم، مارکسزم وغیرہ کا ذکر اور ان کے باب میں اقبال کا رویہ۔ یہ کتاب، ایم فل اقبالیات کا ایک مقالہ ہے۔]

اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ (ادارہ)